بسم اللہ سبحانہ

المؤمن تحت ظل صدقته يوم القيامة

حرمین شریفین میں ٹونک کی رباطیں

مرتبہ

حکیم قاضی محمد عمران خاں ٹونکی

سکریٹری

وقف حرمین شریفین بیگمات ٹونک

ٹونک راجستھان

(الہند)

بشکریہ جناب خلیل احمد رانا صاحب

بارِ اوّل : ــــــــ تعداد چھ سو

سالِ اشاعت : ــــــــ ۱۹۷۹ء

مقامِ اشاعت : ــــــــ ٹونک راجستھان

باہتمام : ــــــــ مولوی محمد عمر خاں ندوی

قیمت : ــــــــ دس روپے

طباعت : ــــــــ جمال پرنٹنگ پریس، دہلی

شائع کردہ

وقف کمیٹی حرمین شریفین بیگماتِ ٹونک

ٹونک راجستھان (الہند)

بشکریہ جناب خلیل احمد رانا صاحب

پیشکش:۔ محمد احمد ترازی

فہرست

مضمون	صفحات

بسم اللہ

پیش لفظ

مساجد کی تعمیر، رباطوں اور مسافر خانوں کا قیام، صدقاتِ جاریات
چھوڑ کر جانا، اور اس سلسلہ میں ایک دوسرے پر فوقیت حاصل کرنے کا جذبہ،
مسلمانوں میں ہمیشہ پایا جاتا رہا ہے۔ ریاست ٹونک جو راجپوتانہ میں ایک چھوٹی
سی مسلم ریاست تھی، قیامِ ریاست کے بعد ہی، اس ٹونک جیسی چھوٹی بستی میں کثیر تعداد
میں مساجد تعمیر ہوئیں، مسافر خانے، سرائیں اور رباطیں، وجود میں آئیں اور ان تمام
چیزوں کے لیے بے شمار جائیدادیں۔ ان نیک کاموں کے مصارف کے لیے وقف
کرنے کا سلسلہ شروع ہو گیا، جو الحمدللہ اب تک قائم ہے ـــــ اس معاملہ میں
جس طرح عام مسلمانوں نے خوب حصہ لیا ہے، اسی طرح یہاں کے روسائے بھی
پوری توجہ سے کام لیا، جس کی تفصیلات کا یہ موقع نہیں ہے۔

اس کتابچہ میں جس خاص پہلو کو اجاگر کرنا ہے وہ ان روساء اور روسائے
ٹونک کی ان بیگمات کی وہ نہ مٹنے والی، ابدی و سرمدی خدمت ہے جو مکہ مکرمہ
اور مدینہ منورہ میں رباطوں کی شکل میں قائم ہو کر نمودار ہوئی۔

یہ وہ خدمت ہے جس نے ہزاروں میل، دور افتادہ، اس معمولی ریاست
کو، حرمین شریفین جیسے مقاماتِ مقدسہ میں زندہ و جاوید حیثیت عطا کی۔

اور یہ وہ صدقۂ جاریہ ہے جو انشاء اللہ ابد الآباد تک حجاج کرام اور زائرین بیت اللہ الحرام کے قیام کا ذریعہ بن کر، ہمیشہ بانی اور واقف حضرات کی مغفرت اور ان کے لیے وسیلۂ آخرت کا سبب بنتا رہے گا۔

حجاج کی خدمت کرنا، انہیں زیادہ سے زیادہ سہولت پہنچانے کی کوشش کرنا، روانہ ہوتے وقت، دلی جذبات اور قلبی رقتوں کے ساتھ انہیں رخصت کرنا، واپسی کے موقع پر قلبی مسرتوں اور بے پناہ محبتوں کے ساتھ ان کا خیر مقدم کرنا اور ان سے دعائیں کرانا، اس آمد و رفت میں جہاں جہاں ممکن ہو، حجاج کرام کے قیام و طعام کا انتظام کرنا یا ان کی کسی دوسری طرح کی خدمت کا موقع مل جانا، ہمیشہ سے مسلمانوں کا دلی جذبہ رہا ہے۔

یہ وہ جذبۂ خیر ہے جس میں کسی صدی کا مسلمان پیچھے نہیں رہا۔ آج وہ صابو صدیق مسافر خانہ، جس کی چہار منزلہ وسیع و عریض عمارت بمبئی جیسے گنجان شہر میں، آج سے نہیں بیسیوں سال پہلے سے، حجاج کرام کی ہمہ قسم کی خدمت کر کے فخر محسوس کرتی ہے، کون ہے جس کے دل سے اس عظیم الشان عمارت کے بانی اور واقف حضرات کے لیے دل سے دعا نہ نکلتی ہو۔ یہی مقام انشاء اللہ اس بیت الحجاج کو بھی ملے گا جس کی بلند اور جدید ترین عمارت کی تعمیر کا سلسلہ اسی بمبئی شہر میں تیزی سے جاری ہے۔

یہی وہ جذبہ تھا جس نے ہمیشہ بندرگاہوں اور سمندری کناروں پر، حاجیوں کے لیے مسافر خانے کھلوائے، رباطیں قائم کرائیں، سرائیں آباد کرائیں۔ اہلِ خیر نے مستقل طور پر لنگر خانے جاری کر دیئے۔ پھر یہ بات کسی خاص مقام، خاص علاقے اور خاص ملک کے لیے ہی مخصوص نہیں رہی ہے بلکہ دنیا کے ہر علاقے اور ہر ملک میں اسکے آثار پائے جاتے ہیں اور آج بھی

ہر جگہ اس کے مظاہر نظر آتے ہیں۔

کیوں نہیں، سیدالکونین، سرکارِ دوعالم، نبی عربی صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

اَلْمُؤْمِنُ تَحْتَ ظِلِّ صَدَقَتِہٖ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ۔

مومن بندہ قیامت کے دن اپنے صدقۂ جاریہ یا کارِ خیر ہی کا سایہ حاصل کر سکے گا۔

اسی طرح آپ نے ارشاد فرمایا:

اِذَا مَاتَ اِبْنُ آدَمَ یَنْقَطِعُ عَمَلُہٗ اِلَّا مِنْ ثَلَاثٍ، صَدَقَۃٍ جَارِیَۃٍ اَوْ عِلْمٍ یُنْتَفَعُ بِہٖ اَوْ وَلَدٍ صَالِحٍ یَدْعُوْلَہٗ۔

جب ابنِ آدم مرجاتا ہے تو اسکے تمام اعمالِ صالحہ کا سلسلہ منقطع ہو جاتا ہے۔ مگر تین چیزیں ایسی ہیں جن کا سلسلہ مرنے کے بعد بھی جاری رہتا ہے اوّل صدقۂ جاریہ جو اس نے اپنے لیے چھوڑا ہو۔ دوسرے وہ علم جس کے ذریعہ اسکے مرنے کے بعد بھی نفع حاصل کیا جاتا رہے اور تیسرے وہ صالح اولاد جو اس نے چھوڑی، اور وہ اسکے لیے ہمیشہ ہمیش دعائیں کرتی رہے۔

اسی جذبۂ خیر کے پیشِ نظر ہر دور کے مسلمانوں نے کوشش کی کہ خود حرمین شریفین میں حجاج کرام کے قیام میں جس قدر سہولتیں ممکن ہوسکتی ہوں، ان کو فراہم کرنے کی کوشش کریں اور یہی وہ جذبہ ہے جس کی وجہ سے مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں بے شمار رباطیں، مسافر خانے اور سرائیں وجود میں آتی رہی ہیں۔

راجستھان کی دور افتادہ یہ ریاست، ریاست ٹونک اس معاملہ میں

کبھی کسی سے پیچھے نہیں رہی ہے۔ حرمین شریفین میں اس ریاست کی ایک نہیں پانچ رباطیں، یکے بعد دیگرے قائم ہوئیں۔ اور ہزاروں نہیں بلکہ اس دور اور اس زمانہ میں. لاکھوں روپئے خرچ کرکے، حجاج کے لیے وہ سہولت پیدا کردی گئی ہے جس کی افادیت کا اندازہ، ایک بار. حج کے موقع پر وہاں قیام کرکے ہی ہو پاتا ہے۔

یہ رباطیں کب قائم ہوئیں، کس طرح قائم ہوئیں، ان کے بیعنامے اور وقف نامے کس کس طرح تیار ہوئے یہی وہ تمام تاریخی مواد ہے جس کو فراہم کرنے اور یکجا مرتب کرکے شائع کرنے کی غرض سے یہ کتابچہ تیار کیا گیا ہے۔

جب تک یہ ریاست اپنی مستقل حیثیت رکھتی تھی، اس وقت تک یہ تمام ریکارڈ محفوظ اور ہر طرح کے خطرات سے مامون و مصئون تھا، لیکن تقسیم ہند اور انضمام ریاست کے بعد جو عام انتشار پیدا ہوا، اس کے پیش نظر سخت خطرہ لاحق تھا کہ آہستہ آہستہ یہ چیزیں ضائع نہ ہوجائیں۔ اس لیے کونسل کے ریکارڈ، توشک خانہ کے دفتر، اور وقف کمیٹی ٹونک کے فائلوں سے اس سلسلہ کی تمام معلومات فراہم کرکے ایک کتاب کی شکل میں پیش کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ اللہ نے اس سلسلہ میں دوسرا فضل یہ فرمایا کہ ۱۹۷۶ء میں ان ہی رباطوں کے صحیح حالات معلوم کرنے اور ان کا نظم و نسق سدھارنے کی غرض سے حج بیت اللہ کے سفر کا بھی موقع عنایت فرمادیا۔ اس سے یہ فائدہ ہوا کہ دفتری ریکارڈ سے جو حالات جمع کئے گئے تھے، وہاں حاضر ہوکر ان کی تصدیق کرلی گئی۔ عملی طور پر رباطوں کے نقشے تیار کرائے گئے۔ ان کے فوٹو تیار کراکے اس کتابچہ میں شامل کرانے کی کوشش کی گئی۔ امید ہے کہ یہ معلومات، عوام و خواص سب کے لیے مفید رہے گی۔ اور اس کی اشاعت خود ان موقوفہ جائیدادوں کی حفاظت کے لیے بھی اہم

ثابت ہو گی ۔

اِن حالات کو مرتب کرنے کی طرف توجہ، سب سے پہلے ہمارے کرم فرما، مرزا مصطفےٰ بیگ صاحب پینشنر ناظم و حال سکریٹری، ضلع وقف کمیٹی، ٹونک نے دلائی۔ آپ خود اپنی ذات کے لحاظ سے مستقل طور پر معلومات کا ایک انسائیکلوپیڈیا ہیں۔ اس لیے توجہ دلانے کے ساتھ ساتھ آپ نے حتی الامکان، اس کی ترتیب و اشاعت میں بھی دلچسپی لی اور پورا پورا تعاون فرمایا۔ اسی طرح جناب شمس الدین احمد صاحب پینشنر ٹریزری آفیسر ٹونک، جو ریاست کے زمانہ میں بھی اسٹیٹ کونسل کے سکریٹری رہے ہیں اور ریاست کے حالات سے پوری طرح باخبر اور واقف کار ہیں۔ پنشن ہو جانے کے بعد بھی عرصہ دراز تک نواب صاحب ٹونک کے پرائیویٹ سکریٹری رہے۔ وقف کمیٹی ٹونک کے پہلے بھی صدر رہے ہیں اور اب بھی ضلع وقف کمیٹی ٹونک کے صدر ہیں، آپ نے بھی اس جذبۂ خیر کو سراہا اور حالات کی ترتیب میں پورے تعاون کا اظہار کرکے ہمت افزائی فرمائی ۔

آپ نے نواب صاحب کے شروع زمانہ ہی سے منشی صفدر حسین صاحب مرحوم دیوان توشک خانہ کے ذریعہ رباطوں کی خریداری اور وقف ہونے سے متعلق کاغذات کو باہر جانے سے روکا اور انکو تلاش کرکے یکجا کرایا۔ پھر پرائیویٹ سکریٹری ہونے پر مزید تلاش کے بعد دیگر دستاویزات بھی حاصل کیں اور ان کو محفوظ کیا۔ آج یہی اہم مواد اس کتاب کی ترتیب میں ممد و معاون ثابت ہو رہا ہے ۔

اس سلسلہ میں ہم عالی جناب معلّی القاب عزیز الدولہ امیر الملک ہز ہائنیس نواب محمد اسمٰعیل علی خاں صاحب صولت جنگ مرحوم و مغفور (افسوس آج ہمیں انہیں مرحوم و مغفور اور جنت آرام گاہ لکھنا پڑ رہا ہے۔ ورنہ جس وقت یہ

حالات تین سال قبل ترتیب دیئے گئے تھے اس وقت موصوف حیات تھے اور ان حالات کی اشاعت میں بڑی دلچسپی کا اظہار فرما رہے تھے۔ اللہ تعالےٰ نواب صاحب مرحوم کی مغفرت فرمائے، ان کی لغزشوں سے درگزر فرمائے اور ان کے بزرگوں نے حرمین شریفین میں جو صدقاتِ جاریہ چھوڑے ہیں، انکے صدقے، مرحوم کے درجات بھی بلند فرمائے اور جنت الفردوس میں مقام عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین) کے نہایت مشکور ہیں کہ آپ نے وقت پر اصل سندات عنایت فرمائیں۔ اور انہیں نقل کرنے اور ان کا عکس لے کر انہیں شائع کرنے کی اجازت عطا فرمادی۔ وہ خود رئیس تھے اور اپنے بزرگ رئیسوں کے جانشین ہونے کی حیثیت سے بہ نفسِ نفیس ان رباطوں کے متولی بھی تھے۔ اور ان رباطوں میں سے ایک رباط تو خود آپ کی والدہ صاحبہ محترمہ، ملکہ جمیل الزمانی بیگم صاحبہ (اللہ تعالےٰ انہیں خیر و عافیت کے ساتھ زندہ و سلامت رکھے) کی خرید کردہ اور وقف کردہ ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ سرکار عالی نے اس ریکارڈ کی اشاعت کی اجازت دے کر تمام مسلمانوں پر بڑا احسان فرمایا ہے۔

دوسرا احسان جس کا ذکر اگرچہ اس وقت بے موقع ہے لیکن چونکہ ایک اعتبار سے وہ بھی حرمین شریفین اور حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے روضۂ پاک ہی سے متعلق ہے اس لیے اس موقع پر اس کا ذکر کرنا بھی ضروری معلوم ہوتا ہے۔ من لم یشکر الناس لم یشکر اللہ۔ یہ اقدام کرنے میں سرکار نے جس طرح اپنے حقیقی اور دلی جذبہ کا اظہار کر کے دور بینی اور پیش بینی کا ثبوت دیا ہے، اور اللہ کے یہاں بڑے اجر و ثواب کے مستحق ہوئے ہیں۔ اس طرح تمام مسلمانوں پر بھی بڑا احسان کیا ہے کہ ریاست ٹونک کا وہ روایتی اور تاریخی میلاد النبی کا وہ بیش بہا اور قیمتی، سونے چاندی کا سامان

جو ان کے بزرگ رئیسوں کا جمع کردہ اور ان کے جذبہ حب النبی کا بہترین نمونہ تھا، جرأت اور ہمت کے ساتھ ہمیشہ ہمیش تک کے لیے وقف ہونے کا اظہار فرمایا۔ سامان ہی نہیں جس محل میں مولود شریف کی یہ محفلیں منعقد ہوا کرتی تھیں اور اب بھی منعقد ہوتی ہیں معہ اسکے متعلقہ صحن و بالائی عمارت اور غرب مدریہ زردالنے کے "وقف فرمادیا۔ اسی دروازے کے سامنے منظر باغ کی مسجد ہے اور مسجد کے پیچھے کی تمام زرعی زمین بھی مسجد وغیرہ کے مصارف کے لیے وقف ہے۔ یہ پورا پلاٹ اسی غرض سے وقف ہے۔ پھر وقف کرنے کے بعد چند ذمہ داروں کو طلب فرماکر (جس میں میں خود بھی شامل ہوں اور اسی وجہ سے ان کے اس حقیقی جذبہ کا اظہار کرنا ضروری سمجھتا ہوں) ہدایت کی کہ جب تک ممکن ہو سکے میلاد کا یہ سلسلہ اسی طرح جاری رکھا جائے اور پوری کوشش کی جائے کہ یہ سلسلہ منقطع نہ ہو تاکہ ہمارے ان بزرگوں کی یہ یادگار قائم رہے۔ اگر اتفاق سے کبھی یہ سلسلہ بالکل منقطع ہو جائے اور اس کا باقی رکھنا کسی طرح ممکن نظر نہ آئے تو یہ سامان نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے روضۂ مبارکہ کیلئے وقف ہے۔ یہ تمام سامان وہاں پیش کر دیا جائے تاکہ روضۂ پاک میں محفوظ رہے یا روضۂ پاک پر صرف کر دیا جائے۔ یہ ہدایت ان کی ایک امانت تھی جس کا ذکر کرنا حرمین شریفین کے اس وقف کے سلسلے میں میرے لیے ضروری اور برمحل تھا۔ اللہ تعالےٰ اس وقف کو بھی قبول فرمائے۔

اس کتاب کی ترتیب میں وقف کے سلسلہ کے ابتدائی حالات بھی بیان کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اور جو خط و کتابت اس سلسلہ میں ریاست کی جانب سے ہوتی رہی اس سے بھی واقعات اخذ کرنے میں پورا استفادہ کیا گیا ہے۔ اصل سندات اور رباطوں سے متعلق تمام حسابات کی نقول شامل کی گئی

ہیں۔ عربی عبارت کے بعد اردو ترجمہ بھی دیا گیا ہے۔ اسکے علاوہ اصل اسناد کے عکس بھی فوٹو کاپی کرا کے شائع کرائے جا رہے ہیں تاکہ یہ ذخیرہ اور تاریخی ریکارڈ پوری طرح محفوظ رہ سکے۔

کتابچہ کو زیادہ مفید بنانے کے پیش نظر، جہاں جس کا ذکر آیا ہے، وہاں فٹ نوٹ کی شکل میں وضاحتی نوٹ دینے کی کوشش بھی کی گئی ہے تاکہ یہ ذخیرہ مکمل حالت میں سامنے آئے۔

میں اس کتابچہ کی ترتیب اور اس کی اشاعت کے سلسلہ میں "وقف حرمین شریفین بیگمات ٹونک" اور اس کمیٹی کے تمام اراکین کا شکریہ ادا کرنا بھی ضروری سمجھتا ہوں جنہوں نے اس ریکارڈ کا شائع ہونا ضروری سمجھ کر اس کتابچہ کی اشاعت کے اسباب فراہم کیے۔ اور ادارہ کی جانب سے اس کی اشاعت کے مصارف برداشت کیے۔ بحمد اللہ یہ ادارہ حرمین شریفین کے ان اوقاف اور ان موقوفہ جائیدادوں کی خدمت پوری مستعدی اور دیانت داری کے ساتھ کرنے کی کوشش کر رہا ہے اور اس سلسلہ میں ادارہ کی جانب سے مجھے ان رباطوں کے تفصیلی حالات دیکھنے، ان کا نظم و نسق سدھارنے اور حجاج کو مزید سہولت اور راحت کے اسباب فراہم کرنے کی غرض سے حج کے موقع پر حرمین شریفین میں حاضر ہونے کا موقع ملا ہے۔ اور بحمد اللہ اس زمانہ قیام میں اس سفر کو زیادہ سے زیادہ مفید بنانے کی کوشش کی ہے۔

اللہ کریم سے دعا ہے کہ وہ اس محنت کو قبول فرمائے۔ اور یہ رباطیں جو واقف حضرات کی زندہ و جاوید یادگاریں ہیں، قیامت تک اسی طرح حجاج کرام اور زائرین بیت اللہ الحرام کے کام آتی رہیں۔ اور ہر دور میں ان سے اسی طرح استفادہ کیا جاتا رہے۔ (آمین)

وما ذٰلک علی اللہ بعزیز

المُرتّب

28105

محمد عمران عُفی عنہٗ

(حکیم محمد عمران خاں ٹونکی)

سکریٹری

وقف حرمین شریفین بیگمات ٹونک

ٹونک (راجستھان)

(الہند)

۱۰ ذی الحجہ ۱۳۹۸ھ

مطابق ۱۲ نومبر ۱۹۷۸ء روز یک شنبہ

نوٹ:- اس کتاب کے زیادہ حصہ پر نظر ثانی کا موقع چونکہ سفر حج میں ملا تھا۔ اس لیے اس مقدمہ کی تکمیل سفر سے واپسی میں بتاریخ ۲۸ محرم الحرام ۱۳۹۷ھ مطابق ۱۸ جنوری ۱۹۷۷ء بروز سہ شنبہ بوقت ۱۰ بجے دن کے اس وقت ہوئی جبکہ ہمارا جہاز محمدی بندرگاہ عدن میں کچھ دیر کے لیے لنگر انداز تھا۔ بعض عوائق اور مجبوریوں کی وجہ سے یہ کتابچہ اس وقت شائع نہ ہوسکا اور اب اس کی اشاعت کا موقع مل رہا ہے۔

جذباتِ خیر

اور

رباطوں کی خریداری

راجپوتانہ کی یہ ریاست، ریاست ٹونک، ۱۸۱۷ء، ۱۲۳۴ھ میں ضابطہ میں قائم ہوئی۔ یہاں کے رؤسا چونکہ علم دوست اور علماء کے قدردان تھے اسلئے جلد ہی اس ریاست میں، علماء، صلحاء، اور نیک جذبہ رکھنے والا اچھا خاصا طبقہ آہستہ آہستہ جمع ہوکر آباد ہوگیا۔ مسجدیں آباد ہوئیں، مدرسے قائم ہونے، سرائیں اور مسافر خانے تعمیر ہونے اور ہر نیک کام میں ایک دوسرے پر فوقیت حاصل کرنے کے پیشِ نظر ہر طبقے اور ہر حلقے کی جانب سے خیر ہی خیر کے آثار نمودار ہونے لگے۔

حج کا جذبہ بھی چونکہ ایک مسلمان کا فطری جذبہ ہے، اس لیے جدید آبادی میں ان اہلِ خیر کے جمع ہونے کے بعد ہی سے یہاں حجاج کی آمدرفت کا سلسلہ بھی بدستور قائم رہا۔ اور کثرت سے لوگ حرمین شریفین میں حاضر ہوکر اپنے فریضۂ حج کی ادائیگی میں برابر مصروف رہے۔ اس ریاست سے جانے والے حجاج کی تاریخ بھی چونکہ ایک مستقل تاریخ کی حیثیت رکھتی ہے اس لیے اسے بھی مرتب کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

بہرحال یہ بات متعین ہے کہ یہاں کے خواص وعوام اور یہاں کے رؤسا کے ان ہی مذہبی رجحانات کی وجہ سے، یہاں کے ہر طبقے میں خیر کا جذبہ تھا۔ اوّل تو اس دور کا ماحول ہی انسانوں کو ہمیشہ اچھے کاموں کیلئے

آمادہ کرتا رہتا تھا۔ لیکن بعض روحیں پیدائشی طور پر کچھ خصوصی جذبہ اور خصوصی صلاحیت اپنے میں ساتھ لے کر آیا کرتی ہیں ـــــ ان ہی اصحاب خیر میں یہاں کی چند بیگمات بھی تھیں، جو بلا انتہا اپنی خیر خیرات، داد و دہش اور غربا نوازی و مساکین پروری میں نہ صرف مشہور تھیں، بلکہ واقع میں وہ ہر خیر کے کاموں میں بہانے تلاش کیا کرتی تھیں۔ یہ لوگ مجسم خیر تھے۔ خیر کا جذبہ ان میں کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا۔ ان کی ذات لوگوں کے لیے باعث رحمت و برکت تھی۔ فردوس زمانی بیگم صاحبہ، ہاجرہ بیگم اور خلیل زمانی بیگم صاحبہ وغیرہ ان میں سے چند ہیں جو ہمیشہ اس تلاش میں رہا کرتی تھیں کہ ان کی ذات سے کسی کو فیض پہنچے۔ کسی غریب کی مدد ہو، کسی بے سہارے کا سہارا بنیں اور کسی ضرورتمند کی ضرورت پوری کر سکیں۔ یا پھر صدقہ جاریہ کے طور پر ایسی یادگار قائم کر جائیں جو ابد تک ان کے لیے اجر کا سبب بن سکے۔

حرمین شریفین میں رباطیں قائم کرنے کے سلسلے میں بھی ان ہی بیگمات میں سے ایک بیگم صاحبہ نے پیش قدمی کی ـــ یہ تھیں ملکہ فردوس[1] زمانی بیگم صاحبہ جو یہاں لاڈلی بیگم کے نام سے معروف و مشہور تھیں ـــ یہ بیگم ایسی صاحب خیر بیگم گذری ہیں کہ آج بھی پورے ٹونک کی موقوفہ جائیدادوں میں ان ہی بیگم کی موقوفہ جائیدادیں غالب ہیں۔ نواب ابراہیم علی خاں صاحب (۱۸۶۸ء، ۱۹۳۰ء) جو روسائے ٹونک میں چہارم رئیس کی حیثیت رکھتے ہیں، ان کی بیگم تھیں۔ کسی رئیس خاندان سے تعلق نہ ہونے کے باوجود، قسمت ایسی زبردست لائی تھیں کہ شاید و باید۔ چونکہ ایک شریف خاندان کی فرد تھیں اور خود بھی شریفانہ مزاج لے کر آئی تھیں، اس لیے نواب کی بیگم بن جانے کے بعد اللہ نے انہیں ایسا ہی بلند مرتبہ عنایت فرمایا۔ بقول مرتب "بستان اسیری"

[1] المتوفیہ ۱۲ر دسمبر ۱۹۲۹ء

"اس بیگم کا ٹونک کی تاریخ میں وہ اعلیٰ مرتبہ ہے جو تاریخِ ہندوستان میں نور جہاں بیگم کا"۔

ان کے والد محمود خاں رامپوری ایک شریف النسل اور شریف النسب پٹھان تھے۔ شریف خاندان سے متعلق ہونے کی وجہ سے انہوں نے اچھے ماحول میں پرورش پائی تھی۔ اس لیے نواب کی بیگم بننے کے بعد آہستہ آہستہ ان کا مرتبہ بہت بلند ہوتا گیا۔

۱۸۹۴ء مطابق ۱۳۱۱ھ میں اللہ تبارک و تعالیٰ نے ان بیگم صاحبہ کو حجِ بیت اللہ اور زیارتِ حرمین شریفین سے مشرف فرمایا۔ ۲۴ر فروری ۱۸۹۴ء مطابق ۱۶ر شعبان ۱۳۱۱ھ کو بیگم صاحبہ کا قافلہ، جو (۱۶۱) افراد پر مشتمل تھا ٹونک سے روانہ ہوا۔ قافلہ میں ۸۶ مرد اور ۷۵ عورتیں تھیں۔ ان میں آپ کے کچھ پیران متعدد صاحبزادگان، ریاست کے چند رؤسا و امرا و دیگر خدمت گاران، اور ان کی خدمتی بڑی بوڑھیاں سب ہی شامل تھے۔ ریاست کی جانب سے قافلہ کی حفاظت کے لیے پلٹن کے سپاہیوں کے سات پہرے مقرر کیے گئے تھے۔

۲۴ر رمضان ۱۳۱۱ھ کو یہ قافلہ مکہ معظمہ پہنچا۔ ریاست کی جانب سے پہلے سے ضروری اطلاعات پہنچا دی گئی تھیں۔ جب یہ قافلہ جدہ پہنچا ہے تو جدہ برٹش کونسل نے بیگم صاحبہ کا پورا استقبال کیا۔ مکہ پہنچنے پر شریف مکہ نے خاص طور پر استقبال کیا۔ ۳ر شوال ۱۳۱۱ھ کو یہ قافلہ مدینہ طیبہ کے لیے روانہ ہوا۔ وہاں سے واپسی پر، حج اور مناسکِ حج سے وقت پر سبکدوشی ہوئی۔ اور ایک سال وہیں قیام رہا۔ ۱۲ر فروری ۱۸۹۶ء مطابق ۲۶ر شعبان ۱۳۱۳ھ کو دو سال میں یہ قافلہ واپس ٹونک پہنچا۔[1]

---

[1] تاریخ ٹونک۔ از آبرو

حرمین شریفین میں رباطیں قائم کرنے کا جذبہ اُسی وقت سے بیگم صاحبہ کے ذہن میں جاگزیں تھا۔ اور انہیں پوری طرح احساس تھا کہ وہاں حجاج کرام کو قیام کے سلسلے میں کس قدر تکالیف برداشت کرنا پڑتی ہیں۔ ان کی اس تیرت اور اس آرزو کی تکمیل ۱۳۲۷ھ میں ہو سکی۔

حاجی علی جان دہلوی کا خاندان، دہلی کا مشہور تاجر خاندان تھا۔ ان کی دکانیں حرمین شریفین میں کامیابی سے چل رہی تھیں۔ اس خاندان کا تعلق ریاست ٹونک سے بھی تھا۔ اور روساء ٹونک اس خاندان پر بڑا اعتماد کیا کرتے تھے۔ چنانچہ اسی خاندان کے ذریعہ مکہ مکرمہ میں جائیداد کی خریداری کی بات چیت شروع ہو گئی۔

۱۳۲۷ھ میں پہلی جائیداد، حارۃ الباب، مکہ مکرمہ میں رباطِ ٹونک قائم کرنے کی غرض سے خریدی گئی۔ اور رباطِ فردوسیہ کے نام سے آباد ہوئی۔ اور حجاج کرام کے قیام کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ رباط کی یہ افادیت دیکھ کر نواب صاحب کی دوسری بیگمات کو بھی اسی طرح کا خیال پیدا ہوا۔ چنانچہ نواب خلیل زمانی بیگم صاحبہ جو نواب صاحب کی بیگم ہونے کے ساتھ ساتھ، اسی خاندانِ امیریہ کی ایک فرد، اور صاحبزادہ عبدالرحیم خاں پسر صاحبزادہ حافظ محمد جلال خاں پسر نواب وزیر الدولہ کی بیٹی تھیں۔ ان کی جانب سے مکہ مکرمہ میں ایک دوسری جائداد خریدنے کی خواہش ہوئی۔ چنانچہ ۱۳۲۹ھ میں مکہ مکرمہ کے محلہ شامیہ میں ایک دوسری عمارت خریدی گئی۔ جو رباطِ خلیلیہ کے نام سے بحمداللہ آباد اور حرم شریف سے بہت قریب واقع ہے۔

اس خریداری کو ابھی دو سال بھی نہیں گذرے تھے کہ ان ہی بیگم صاحبہ کی جانب سے حجاج کے لیے ایک اور نامکمل عمارت خریدی گئی جو اسی محلہ شامیہ

میں، سابق رباط سے قریب ہی کچھ بلندی پر واقع ہے۔ یہ رباط اب تک نامکمل اور غیر آباد ہے۔

یہ تمام عمارتیں اب تک مکہ مکرمہ میں خریدی گئی تھیں۔ مدینہ منورہ میں حجاج کرام کے قیام کے لیے ٹونک کی کوئی رباط نہیں تھی۔ مدینہ میں بھی ان ہی فردوس زمانی بیگم صاحبہ نے اس سلسلہ میں پیش قدمی کی۔ اور ۱۳۴۲ھ میں ان کی جانب سے ایک جائیداد، حرم مدینہ سے بہت قریب محلہ درویشیہ میں خرید کر وقف کی گئی۔ اور اس طرح مکہ کے ساتھ ساتھ مدینہ میں بھی، ٹونک اور قرب و جوار کے حجاج کے قیام کا انتظام ہو گیا۔

رباطوں کی افادیت اور ان رباطوں میں حجاج کرام کے قیام کا انتظام دیکھکر، نواب صاحب ٹونک کی ایک تیسری بیگم، نواب جمیل الزمانی بیگم صاحبہ نے بھی مدینہ شریف میں ایک اور رباط قائم کرنے کی تحریک شروع کر دی۔ اور ۱۳۴۴ھ میں سابق رباط سے متصل ایک دوسری عمارت خرید لی گئی جو حجاج کرام کے قیام کے لیے مزید سہولت کا سبب بنی۔ اس طرح مدینہ شریف میں ٹونک کی دو رباطیں ہو گئیں۔ اور اس وقت سے اب تک بحمد اللہ آباد ہیں اور حجاج کرام و زائرین بیت اللہ الحرام کے خوب کام آ رہی ہیں اور دن بدن اور ترقی پذیر ہیں۔

ان تمام رباطوں کی خریداری اور ان کے بیعناموں اور وقف ناموں کی تفصیلات ہر رباط کے بیان میں علیحدہ علیحدہ تفصیل سے بیان کی جائیں گی۔

اس موقع پر وقف کرنے والی بیگمات کے زمرے میں صاحبزادی احمد النساء[1] بیگم صاحبہ کا ذکر کر دینا بھی ضروری معلوم ہوتا ہے۔ یہ بیگم، صاحبزادہ عبدالعلیم خاں صاحب کی بیگم تھیں اور جناب فردوس زمانی بیگم صاحبہ کی دختر تھیں۔ نیکی اور کار خیر کی طرف رغبت، ماں کی جانب سے ورثہ میں ملی تھی۔ اسی وجہ سے

[1] المتوفیہ ۲۶ر اپریل ۱۹۶۰ء

انہوں نے اپنی حویلی کا ایک مستقل اور معتد بہ حصّہ، مدرسہ بنات المسلمین واقع ٹونک کے لیے وقف فرمایا۔ اور کچھ مزروعہ زمین بھی اس مدرسہ کے لیے وقف کی۔ ان ہی بیگم صاحبہ نے ۱۹۵۹ء میں اپنی والدہ صاحبہ مرحومہ کی رباطوں کی مرمت کے لیے مبلغ گیارہ ہزار روپئے کی رقم وقف کی اور اس کے لیے ایک باضابطہ کمیٹی مقرر کر کے وقف نامہ کی رجسٹری کرائی۔ یہ رقم بحمداللہ محفوظ ہے اور اسے جلد از جلد حکومتِ ہند کی معرفت سعودی عرب منتقل کرنے کی کارروائی کی جا رہی ہے۔ جو انشاء اللہ اپنے مصرف میں صرف ہوگی۔

اس رقم کو وقف کرنے والی اصل بیگم صاحبہ، واقعی قابلِ مبارکباد ہیں کہ انہوں نے اپنے بزرگوں اور سابق بیگمات کے نقشِ قدم پر چل کر یہ رقم وقف کرنے میں صحیح پیش قدمی کی۔ خدا کرے یہ رقم جلد سے جلد سعودی عرب منتقل ہو کر اپنے مصرف میں صرف ہو اور اسے دیکھ کر اللہ کے دوسرے نیک بندوں کو بھی رغبت ہو کہ وہ بیش از بیش اس کارِ خیر میں حصّہ لے کر ان موقوفہ رباطوں کی بقاء، ان کی حفاظت اور ان کی افادیت میں ممد و معاون ثابت ہوں۔ جو حضرات اس طرف توجہ کریں گے، اللہ تعالیٰ سے قوی امید ہے کہ وہ انہیں بھی اس صدقۂ جاریہ کے ثواب میں برابر شریک رکھے گا۔

یہ تھی خریداری کی وہ تفصیل جو ٹونک کی ان رباطوں کے قائم ہونے کے سلسلے میں اوّل سے آخر تک پیش آئی۔ اور یہ تھے وہ حالات، اسباب و عوامل جن کے تحت یہ تمام خریداریاں ماشاء اللہ وقوع پذیر ہوئیں۔

حرمین شریفین کی ان رباطوں سے کس قدر فائدہ اور کیسی سہولت ہے اس کا صحیح اندازہ ایک بار یہاں حاضر ہونے اور ان میں قیام کی سہولت حاصل ہو جانے کے بعد ہوا کرتا ہے۔ اس وقت آدمی کو اندازہ ہوتا ہے کہ رباط میں قیام کی جگہ

نہ ملنے پر ایک حاجی کو کس قدر پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اور کثیر رقم دیکر
کبھی وہاں صرف اس قدر جگہ مل پاتی ہے کہ آدمی صرف اپنا بستر بچھا سکے اور
ضروری سامان رکھ سکے۔ یہ دن رات کی وہ باتیں ہیں جن سے ہر حاجی کو
سابقہ پیش آتا ہے۔ اس کے برخلاف جب حاجی کو رباط میں جگہ مل جاتی ہے
تو اسے احساس ہوتا ہے کہ وہ کن کن مشکلات اور مالی پریشانیوں سے محفوظ ہو گیا
اس وقت وقف کرنے والے حضرات کے لیے اس کے دل سے دعا نکلتی ہے
اور اسی وقت یہ احساس بھی ہوتا ہے کہ خدا مغفرت فرمائے ان مرحوم بیگمات
کی جنہوں نے اس قدر چھوٹی ریاست ہونے کے باوجود اپنے نیک جذبہ کے
پیشِ نظر یہاں حرمین شریفین میں ایک نہیں، پانچ رباطیں وقف کرکے کیا
خیر کا کام انجام دیا ہے۔ یہ وہ صدقہ، جاریہ ہے جس کا اجر قیامت تک انہیں
ملتا رہے گا۔ اور ہمیشہ حجاج اور زائرین کی جانب سے ان کے لیے دل سے
دعائیں نکلتی رہیں گی۔ بھلا ساٹھ ستر سال پہلے کا یہ جذبہ (اور یہ دور بینی) آج
اس وقت کام آرہا ہے جبکہ حرم مکہ اور حرم مدینہ میں تو شہری زمین کی
مانگ اور طلب کا یہ عالم ہو چکا ہے کہ کسی قطعہ کو حاصل کرنا اب لاکھوں نہیں
کروڑوں ریال پر موقوف ہے۔ بلکہ اس پر بھی مشکل نظر آتا ہے۔

یہ ان نیک بیبیوں کا طفیل اور صدقہ ہے کہ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ
میں راجستھان کے اس ریگستان اور کوہستان کا ایک چھوٹا سا شہر ٹونک،
ان رباطوں ہی کی وجہ سے دونوں متبرک مقامات پر پوری طرح متعارف ہے
اور ٹونک کی رباطیں ہر حلقہ میں جانی پہچانی اور سمجھی جاتی ہیں اللہ تعالٰی
ان رباطوں کا فیض قیامت تک جاری رکھے اور وقف کرنے والی بیگمات
کا مقام اعلیٰ علیین اور جنت الفردوس میں عطا فرمائے۔ جنہوں نے اِن

رباطوں کو یہاں قائم کر کے حجاج کرام کے لیے ہمیشہ ہمیش کو قیام و سہولت کا وہ ذریعہ پیدا کر دیا جس سے استفادہ انشاءاللہ قیامت تک کیا جاتا رہے گا اور ٹونک کی یہ رباطیں انشاءاللہ اسی طرح آباد اور سال بسال ترقی کرتی رہیں گی ۔ آمین اللّٰہم آمین ۔

رَباطِ فردَوسیہ

وَاقع حارۃ الباب، مکّہ مکرمہ

(موقوفہ محترمہ فردوس زمانی بیگم صاحبہ عرف لاڈلی بیگم)

یہ رباط "حارۃ الباب" میں مکّہ جدہ روڈ پر لبِ سڑک بڑے اچھے محلِ وقوع پر واقع ہے۔ شارع عام پر ہونے کی وجہ سے ہر طرح کی سہولت حاصل ہے۔ رباط کے مقابل جو عمارت ہے اس میں عرصہ سے پولیس چوکی قائم تھی لیکن اب وہ عمارت کسی معلم صاحب کے پاس ہے۔ رباط کے مقابل "نہر زبیدہ" کا مخزن بھی ہے جس سے حجاج کرام برابر استفادہ کرتے رہتے ہیں ——

رباط کے سامنے ہی کچھ فاصلہ پر "مدرسہ صولتیہ" کی عمارت ہے۔ یہ مدرسہ چونکہ ہند و پاک کے علماء اور دوسرے حجاج کا مرکز رہتا ہے اس اعتبار سے بھی یہ رباط بڑے اچھے محلِ وقوع پر واقع ہے۔

رباط سے قریب ہی "زقاق الدہلوی" ہے، جس میں دہلوی حضرات کے مکانات ہیں جو اس رباط کے نگراں اور ناظر ہیں۔ اس کے قریب ہی لبِ سڑک حضرت خالد بن ولید رضؓ کا وہ اثری مقام ہے جہاں فتح مکہ کے دن، حضرت خالد رضؓ نے اپنا جھنڈہ قائم کیا تھا۔ یہاں ایک مسجد بنا دی گئی ہے۔ اور اس حکومت نے اس مسجد کی تجدید کر کے اسے جدید قسم کی بہترین عمارت

میں منتقل کر دیا ہے اسی وجہ سے یہ شارع "شارع ابن الولید" کہلاتا ہے۔

اس رباط کی خریداری ۱۳۲۷ھ میں ہوئی اس لیے رباط کے صدر دروازے پر ایک کتبہ لگا ہوا ہے جس پر کندہ ہے :

"رباط حجاج ٹونک، فردوس زمانی بیگم"
۱۳۲۷ھ

چونکہ ٹونک کی ان رباطوں کی خریداری دہلوی حضرات کی معرفت ہوئی۔ اور اس وقت کے ملکی قوانین کے مطابق وہاں کوئی جائیداد کسی غیر ملکی کے نام سے نہیں خریدی جاسکتی تھی، اس لیے ۱۳۲۷ھ ۱۹۱۰ء میں مکہ معظمہ میں سب سے پہلے حارۃ الباب کی یہی جائیداد جو رباط فردوسیہ کے نام سے اب تک بحمد اللہ قائم اور آباد ہے، اس کی خریداری ایک ہزار گنی انگریزی میں ہوئی۔ اور قانونی مجبوریوں کی وجہ سے الشیخ عثمان ساب کے نام سے خریداری ہوئی اور وقف کی گئی۔ ۳۰ ذی الحجہ ۱۳۲۷ھ کو اس جائیداد کی رجسٹری ہوئی۔ الشیخ عبد الجبار دہلوی کو اس جائیداد کا متولی بنایا گیا، اس رباط کی نظامت اب تک ان ہی کی اولاد میں چل رہی ہے۔ ۱۰ محرم الحرام ۱۳۲۸ھ، ۱۹۱۰ء کو مزید احتیاط اس جائیداد کی اصل سند پر الشیخ عثمان ساب اور عبد الجبار دہلوی کی جانب سے لکھا گیا کہ یہ خریداری اور وقف دراصل نواب فردوس زمانی بیگم صاحبہ کے پیسے سے ہے اور ان ہی کی جانب سے ہے۔ یہ تمام تکملات ہو جانے کے بعد اسی سال سے اس رباط میں حجاج کے قیام کا سلسلہ شروع ہو گیا۔

رباط کی خریداری کے بعد حاجی عبد الستار عبد الجبار دہلوی حضرات کی جانب سے رباط کی خریداری اور ہونے والے مصارف کا مکمل حساب باقاعدہ یہاں بھیجا گیا۔ ذیل میں اس حساب کی نقل دی جارہی ہے تاکہ پوری تفصیلات

معلوم ہوسکیں اور یہ حساب آئندہ ریکارڈ میں محفوظ بھی رہ سکے۔ ان حسابات کو دیکھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ ۱۳۲۷ھ کے اوائل سے بیگم صاحبہ نے رباط کی خریداری کے لئے رقوم روانہ کرنا شروع کردی تھیں۔ ۱۹ ذی الحجہ ۱۳۲۷ھ کو حارۃ الباب والے مکان کی خریداری ہوئی۔ اور اس کی تکمیل کے سلسلہ میں جس قدر مصارف ہوئے وہ کئے گئے۔ بعد تکمیل ۲۸ جمادی الثانی ۱۳۲۸ھ کو اس کا پورا حساب بنا کر بیگم صاحبہ کی خدمت میں ارسال کردیا گیا۔ اس حساب کی فوٹو اسٹیٹ کاپی اور وقف نامہ کی فوٹو کاپی کے ساتھ شامل ہے۔

یہ رباط ماشاء اللہ چار منزلہ عمارت ہے۔ ہر منزل میں ایک بڑا ہال اور حسب گنجائش چھوٹے بڑے کمرے ہیں۔ ہر منزل میں حسب ضرورت غسلخانے اور بیت الخلاء موجود ہیں۔ پوری رباط میں بجلی اور پانی کے نل کی فٹنگ ہے۔ جس سے حجاج کرام استفادہ کیا کرتے ہیں۔ پرانی عمارت ہونے کی وجہ سے چونکہ مکمل طور پر قابلِ مرمت ہے اس لیے رباط کی حالت بہت خستہ ہے۔ اسی رباط کے ایک کمرہ میں ۱۳۹۶ھ میں آگ لگ گئی تھی جس کی وجہ سے وہ کمرہ قابلِ رہائش نہیں رہا تھا۔ اب کچھ مرمت ہو گئی ہے۔ لیکن پوری رباط اہلِ خیر حضرات کے تعاون اور مالی امداد کی منتظر ہے تاکہ خاطر خواہ مرمت ہو سکے اور حجاج کی رہائش و قیام کے سلسلہ میں زیادہ سے زیادہ مفید اور ممد و معاون ثابت ہو سکے۔

اس رباط کی نگرانی اور فوری دیکھ بھال کے لیے ناظر حضرات کی جانب سے ایک بواب مقرر رہتا ہے۔ جو اپنے متعلقین کے ساتھ رباط ہی میں قیام پذیر رہے۔ تاکہ حجاج سے براہِ راست رابطہ قائم رہے۔ رباط میں قیام کرنے کے لیے کسی قسم کا کوئی کرایہ وصول نہیں کیا جاتا۔ بجلی پانی کے مصارف کے لیے اس رباط میں بیس ریال فی حاجی جمع کرائے جاتے تھے۔ اور اس کی باقاعدہ

رسید دی جاتی ہے ۔ یہ رقم اگرچہ صرف بجلی پانی کے مصارف کے لیے ہی کافی نہیں ہوتی ۔ چہ جائیکہ اس آمدنی سے رباط کی مرمت کا موقع مل جائے لیکن ایک سلسلہ ہے جو چل رہا ہے ۔ سال گذشتہ سے یہ رقم پچاس ریال کر دی گئی ہے تاکہ بجلی پانی کے مصارف بآسانی ہو سکیں ۔

اس سے پہلے اس رباط کے ناظر الشیخ عبدالباری الدہلوی تھے ۔ ان کے انتقال کے بعد اُن کے بیٹے الشیخ یحیٰی اور ان کی جانب سے الشیخ محمود الدہلوی ابن الشیخ عبدالوہاب الدہلوی اِس وقت اس رباط کی نظارت کی خدمت انجام دے رہے ہیں ۔

اب اس رباط کی خریداری کے حسابات اور رباط کے اصل وقف نامہ کی فوٹو کاپی دی جارہی ہے جو ساتھ میں شامل ہے ۔

خلاصہ وقف نامہ

رباط مکہ مکرمہ

(موقوفہ فردوس زمانی بیگم صاحبہ - لاڈلی بیگم)

الزجبہ غیر نافذہ (کوچہ غیر نافذہ)

شمال (شاماً)

دروازہ تندوان

صدر دروازہ

دکانیں غرب دکانیں

الشارع العام المعروف بالغزہ

(سارع قاعۃ عمرو)

شرق

مکان عمرو ابو بکر ابراہیم بن شاہین الفضل و عمرو

و مکان ورثاء صالح آفندی الشیبی

جنوب (یمناً)

ارض موقوفہ علی صالح المسجد الحرام (والناظر علیہ سید ابراہیم نائب الحرم)

اصل خریدار و واقف۔ صاحبزادی فردوس زمانی بیگم۔

خریدار و واقف تحریری۔ الشیخ عثمان ساب ابن المرحوم الشیخ ابراہیم خطیب السرتی ابن جمال خطیب مولد مکہ۔

بائع۔ مولانا السید عبداللہ الزواوی بن المرحوم مولانا السید محمد صالح بن السید عبدالرحمن بن ابی بکر الزواوی (یہ جائداد ان کی ۱۳۱۰ھ کی خریدی ہوئی تھی)

تاریخ سند۔ ۳۰ ذی الحجہ ۱۳۲۷ھ

نمبر قبالہ۔ نومبر ۷۷۔ قید و مقابلہ اولہ ۹۶۰

قیمت۔ (الف لیرہ انگیزیہ) ایک ہزار گنی انگریزی

مصدق۔ السید احمد بن صالح نائب الوکیل۔

قاضی وقت۔ مولانا فخر النواب الحاکم الشرعی الحنفی

متولی یا ناظر۔ الشیخ عبدالجبار بن الشیخ عبدالرحمن بن علی جان الدہلوی۔

اس وقف نامہ و بیع نامہ کے آخر میں الشیخ عثمان ساب اور الشیخ عبدالجبار دہلوی کا مزید اقرار ہے کہ یہ جائداد نواب فردوس زمانی بیگم۔ لاڈلی بیگم صاحبہ کی جانب سے ہی ان کی رقم سے خریدی گئی ہے۔ ہمارا اس میں کچھ نہیں ہے۔ اور یہ تمام شرطیں بھی ان کی جانب سے ہیں۔ یہ تحریر ۱۰ر محرم ۱۳۲۸ھ کی ہے اور دیگر گواہیاں بھی اس پر ہو رہی ہیں۔

وقف نامہ رباط فردوسیہ

حارۃ الباب۔ مکّہ مکرّمہ

غایۃ ذی الحجۃ الحرام سنہ ۱۳۲۷ھ

(دستخط) السید احمد بن صالح نائب وکیل عز شانہ

المولیخلافۃ بمکۃ المکرمۃ نمقہ الفقیر الیہ

ٹکٹ

مہر (السید احمد ۱۳۲۵)

الحمد للہ عز شانہ

ھذہ حجۃ شرعیۃ صدرت بمحکمۃ مکۃ البھیۃ بین یدی مولانا فخر النواب الکرام، وعمدۃ الفضلاء الفخام، الحاکم الشرعی الحنفی، الراجی لطف ربہ الخفی، الواضع اسمہ وختمہ الکریمین فیہ اعلاہ، دام فضلہ، ومجدہ وعلاہ مضمونہا حضر الی المجلس الشرعی ومحفل الدین المنیف المرعی، المکرم الشیخ عثمان ساب بن المرحوم الشیخ ابراھیم خطیب السرتی بن جمال خطیب وھو متولد بمکۃ المکرمۃ تابع للدولۃ العلیۃ العثمانیۃ باصل النشأۃ فی شراء المبیع الآتی ذکرہ ادناہ و قبضہ وتسلیم ثمنہ وفی جمیع ماسیذکر ادناہ بمالہ لنفسہ و حضر لحضورہ فی البیع الآتی ذکرہ ادناہ وقبض الثمن وتسلیم المبیع الی المشتری والمکاتبۃ والاشہاد علی الرسم المعتاد وکل ماسیذکر

ادناه العالم الفاضل مولانا السيد عبد الله الزواوی بن المرحوم
مولانا السيد محمد صالح بن السيد عبد الرحمن بن ابی بکر الزواوی
عند حضورهما اشتری المکرم الشیخ عثمان ساب بن المرحوم الشیخ
ابراهیم خطیب السرتی بن جمال خطیب المذکور بماله لنفسه
دون مال غیره من بائعه الحاضر معه بالمجلس الشرعی مولانا
السید عبد الله الزواوی بن المرحوم مولانا السید محمد صالح
بن السید عبد الرحمن بن ابی بکر الزواوی المذکور فباعه ماذکر
انه له وفی ملکه وحوزه وهو باق تحت تصرفه الی حین صدور
هذا البیع منه فیه الوبل الیه بالشراء الشرعی بموجب حجة شرعیة
محررة من محکمة المکة المکرمة منقولة طبق اصلها المحفوظ بمحکمة
مکة المکرمة لعام العاشر والثلاثمائة والالف، متوجة هذه الحجة
بختم مولانا الحاکم الشرعی المومی الیه اعلاه، وعلامته اعنی المبیع
هو کامل الدار ارضا وبناءً، المبنیة بالحجر، المشتملة علی دهلیز
وعلی صهریج مضروب بتخوم الارض عن یمین الداخل من الدهلیز
المذکور وعلی دیوان یعتقد من الحجر بمنافعه وعلی مساکن علویه
وسفلیه ومنافع ومرافق وحقوق الشرعیة وعلی اربعة دکاکین
بسفلها مما یلی جهة الغرب وعلی منافع ومرافق وحقوق شرعیة
الکائنة بمکة المکرمة بحارة الباب عن یمین المتوجه من الشارع
الاعظم الی جهة عمرة التنعیم، ویحدّ کامل الدار المذکورة

بما اشتملت عليه ويحيط بها حدود اربعة شرقا الدار التى هى
من تركة المرحوم ابراهيم بن شاهين المنقل وشركائه وتمام
الخدمته الدار التى هى من تركة المرحوم صالح افندى الشرتيلى
وغربا الشارع الاعظم الموصل الى جهة عمرة التنعيم وغيره وبه
باب الدار المذكورة وواجهة لها وواجهة الدكاكين المذكورة
وابوابها ، وشاما الرحبة الغير النافذة وبها باب ثانٍ للدار
المذكور وواجهة ثانية لها ، ويمنا الارض الموقوفة على مصالح
المسجد الحرام المكى الناظر عليه الآن السيد ابراهيم نائب
الحرم الشريف المكى القائم عليها ابنية الدار التى هى من تركة
المرحوم صالح بن كاسب بما لكامل الدار ارضا وبناء بما اشتملت
عليه المبيعة المحدودة المذكورة اعلاه من الحق والحقوق والسوح
والفسوح والمرافق والمنافع واللواحق والتوابع والارض والبناء
ومجارى الماء وكل مايعد ويحسب من جملتها وينسب اليها شرعًا
المعلوم ذلك كله عند كل من المتبايعين المذكورين العلم الشرعى
النافى للجهالة شرعًا اشتراءً صحيحًا شرعيا وبيعًا صحيحًا مرعيا
بيعا باتا بتلو جازما لازما ، لاعدة فيه ولا ثنوية مستوفيا
شرائطه الشرعيه ومسوغاته المرعية لاقول فيه ولا تلجئة
تبطله ، ولا شرط ولا خيار يفسده ، بل وقع على اتم البيوع
الشرعيه واكملها حاصلا بين المتبايعين المذكورين بصريح الايجاب

والقبول الشرعيين، بثمن قدره وجملته كامل الدار ارضا
و بناء المبيعة المحدودة المذكورة اعلاه الفاگبره انكليزيه ذهبا
عينا ثمنا حالا مسلما جميعه من يدى المشترى المذكور من ماله
بيد البائع المذبور بالتمام حسب اقراره بقبض مبلغ الثمن المذكور
تماما، واعترافه بذلك الاقرار والاعتراف الشرعيين واذن البائع
المذكور المشترى المذبور فى قبض وتسليم كامل الدار ارضا وبناء
المبيعة المحدودة المذكورة اعلاه فقبضها وتسلمها منه لنفسه
وحازها حوز مثلها خالية عن الموانع المبطلة الشواغل المفسدة
لصحة هذا البيع والقبض والتسليم والاستلام، ثم ابرء البائع المذكور
ذمة المشترى المزبور من دعوى الغبن والغرر وكل دعوى تتعلق
بهذا البيع، وقبل منه المشترى المذكور هذه البراءة لنفسه قبولا
صحيحا شرعيا بالمشافهة وبموجب ذلك صار كامل الدار ارضا و
بناء بما اشتملت عليه من كل ما ذكر اعلاه المبيعة المحدودة المذكورة
اعلاه ملكا طلقا من املاك المشترى المكرم الشيخ عثمان ساب ابن
المرحوم الشيخ ابراهيم خطيب السرتى ابن جمال خطيب المذكور
وحقا صرفا من حقوقه يتصرف فى ذلك تصرف الملوك فى املاكهم
وذوى الحقوق فى حقوقهم من غير معارض له فى ذلك ولا منازع
ولا رافع ليده ولا مدافع وضمان الدرك له على البائع المذكور
حيث يجب له ذلك عليه شرعا واجاز مولانا الحاكم الشرعى المولى اليه

اعلاه، هذا البيع وجميع ماذكر اعلاه وامضاه واوجب العمل بمقتضا
غير تمام عقد البيع والشراء وابرامه وتفرق المتبايعين المذكورين
بابدانهما عن مجلس العقد وصيرورة كامل الدار المحدودة
المذكورة ملكا من املاك المشترى المذكور وحقا صرفا من حقوقه
وبيده وتحت تصرفه رجع ثانيا الى المجلس الشرعى المكرم الشيخ
عثمان ساب ابن المرحوم الشيخ ابراهيم خطيب ابن جمال خطيب
المذكور واقر لدى مولانا الحاكم الشرعى المومى اليه اعلاه اقرارا
صحيحا شرعيا وهو بحمد الله تعالىٰ بحال الصحة وسلامة العقل و
والطوع وجواز التصرفات فى الوجوه كلها بانه قد وقف وحبس و
سبل وتصدق واكد وخلد وسرمد ماهوله وفى ملكه وحوزه
وهو باق تحت تصرفه الى حين صدور هذا الوقف منه فيه الايل
اليه بالشراء الشرعى حسب ماذكر اعلاه وذلك ابتغاء لوجه الله
الكريم وطلبا للثواب الجسيم، يوم يجزى الله المتصدقين ولايضيع
اجر المحسنين وعملا بقول سيد المرسلين عليه افضل صلاة
المصلين وازكى سلام المسلمين "اذا مات ابن آدم انقطع عمله
الامن ثلاث صدقة جارية او علم ينتفع به او ولد صالح يدعوله
وان الوقف من الصدقات الجارية اعنى الموقوف هو كامل الدار
ارضا وبناء المبينة بالحجر المشتملة على دهليز وعلى صهريج مضروب
بتخوم الارض عن يمين الداخل من الدهليز المذكور وعلى ديوان

يعقد من الحجر بمنافعه وعلى مساكن علوية وسفلية ومنافع و
مرافق وحقوق الشرعية وعلى اربعة دكاكين بسفلها فيما يلى جهتها
الغربية وعلى منافع ومرافق وحقوق الشرعية الكائنة بمكة المكرمة
بحارة الباب عن يمين المتوجه من الشارع الاعظم الى جهة التنعيم
المذكورة اعلاه والمحدودة بحدودها المذكورة اعلاه سواء
بسواء بما لكامل الدار الموقوفة المحدودة المذكورة اعلاه من
الحق والحقوق والسوح والفسوح والمرافق والمنافع واللواحق
والتوابع والارض والبناء ومجارى الماء وكل ما يعد ويحسب
من جملتها وينسب اليها شرعا المعلوم ذلك كله عند الواقف المذكور
العلم الشرعى النافى للجهالة شرعا وقفا صحيحا شرعيا وحبسا صريحا
مرعيا لايباع ولا يوهب ولا يرهن ولا يملك ولا يناقل به بل
لا يزال قائما على اصوله وضوابطه مستمرا على شروطه وروابطه
ابد الآبدين ودهر الداهرين الى ان يرث الله الارض ومن عليها
وهو خير الوارثين ' وانشاء الواقف المذكور ضاعف الله له الثواب
والاجر وقف كامل الدار المذكورة فقط ما عدا الدكاكين التى
بسفلها المذكورة اعلاه وما عدا الدهليز الذى يلى جهتها الشامية
وما عدا المخزن الذى بباطنه من الدار المحدودة اعلاه على سكنى
الحجاج الواردين الى حج بيت الله الحرام من اهل بلدة تونك
راجپوتانه من بلاد الهند يسكنونه مدة موسم الحج فاذا لم يصل

احد من اهل البلدة المذكورة الى مكة المكرمة يكون وقفا على
سكنى الحجاج الفقراء الواردين الى حج بيت الله الحرام من عموم
اقطار الهند يسكنونه بقدر ما يسعهم، ينظر الناظر على هذا الوقف
مدة موسم الحج ومتى وصل احد من اهل بلدة تونك راجپوتانة
يكون مقدما فى سكنى هذا الوقف على عموم الحجاج الواردين
من اقطار بلاد الهند وهكذا يكون العمل مرعيا فى هذا الوقف
فاذا تعذر وصول احد من اهل بلدة تونك راجپوتانة و
من حجاج اهل الهند عموما الى مكة المكرمة يكون ذلك وقفا
على سكنى فقراء اهل بلدة تونك راجپوتانة المقيمين بمكة
المكرمة يسكنون فيه بقدر ما يسعهم ينظر الناظر عليه يدخل
فيه من يشاء منهم ويخرج منه من شاء منهم واذا لم يوجد احد
منهم مقيما بمكة المكرمة يكون ذلك وقفا على سكنى فقراء الهند
عموما يسكنون فيه بقدر ما يسعهم ينظر الناظر عليه يدخل
من شاء ويخرج من شاء منهم، وانشاء الواقف المذكور وقف
كامل الدكاكين الاربعة التى لسفل الدار المذكورة بواجهتها
الغربية والدهليز الذى جهتها الشامية والمخزن الذى
بباطنه المذكور اعلاه على ان الناظر على الدار الموقوفة المذكورة
اعلاه يوجرها وما يتحصل ويجتمع من غلولها يصرفه الناظر
المذكور فى مرمته وتعمير الدار الوقف المذكورة اعلاه كلما

احتاجت الى العمارة والمرمة وفى تنظيف بيوت اخليتها كلما لزم الحال
الى ذلك ، وشرط الواقف المذكور فى وقفه هذا شروطا اكد العمل
عليها وصير المرجع والمآل اليها ، منها انه شرط النظارة على وقفه هذا
جميعه اولا لهذا الحاضر معه بالمجلس الشرعى المكرم الشيخ عبد الجبار
ابن المرحوم الشيخ عبد الرحمن بن على جان الدهلوى ثم من بعده
تكون النظارة عليه لمن يعينه الناظر الشيخ عبد الجبار المذكور
ويختاره بنظره ومعرفته من صلحاء اهل الهند المتصفين بالديانة
والامانة وهكذا يكون العمل جاريا فى شرط النظارة على هذا
الوقف دائما وابدا ، ومنها ان للناظر على هذا الوقف اسكان من
شاء من الحجاج المقيمين بمكة المكرمة من اهل بلدة تونك راجپوتانه
اومطلق فقراء اهل الهند عموما فى غير زمن الحج واخراج من شاء
منهم بنظره ومعرفته ورايه ، ومنها انه اذا خربت الدكاكين والدهليز
والمخزن المذكورة اعلاه كلها او بعضها فللناظر على هذا الوقف ان
يوجر لبعض الدار المذكورة بقدر ما يكفى لعمارة ذلك الخراب
الواقع فى الدكاكين والدهليز والمخزن المذكور ، حتى اذا عمرت
لايسوغ له تأجير الدار المذكورة لاكلها ولا بعضها ، ومنها ان
للناظر على هذا الوقف ان يسكن فيه من شاء من اهل بلدة
تونك راجپوتانة فى مدة موسم الحج وفى غير مدة موسم الحج من
شاء ، سواء كان الذى يريد اسكانه فى هذا الوقف غنيا او

نقیرا، ومنها انه اذا خربت الدار الوقف المذکورة ولم یکن بید
الناظر الشیخ عبد الجبار الدهلوی المذکور من غلة الدکاکین
والدهلیز والمخزن المذکور مایکفی لعمارة الدار الوقف المذکورة
ولم یوجد من اهل الخیر من یتبرع بعمارتها فیکون للناظر
المذکور حینئذ الاستبدال فی هذا الوقف جمیعها بالعقار وبالنقود
ویشتری بالبدل اذا کان من النقود عقارا بدل هذا الوقف
یکون جاریا علی جهاته وشروطه، ومنها ان للناظر الشیخ
عبد الجبار المذکور ان یشترط هذا الشرط الاخیر لمن یعینه ناظرا
بعده علی هذا الوقف المذکور ومنها ان للناظر المذکور تعیّن
شیٔ من غلة الدکاکین المذکورة لمن یعینه ناظرا علی هذا
الوقف من بعده فی مقابلة عمله ومباشرته لهذا الوقف
یجری الحال فی ذلک کذلک دواما واستمرارا ابد الابدین ودهر
الداهرین الی ان یرث الله الارض ومن علیها وهو خیر الوارثین
ولما ان تم الوقف وابرم وعلی هذا المنوال انختم، سلم الوقف المذکور
